

4310CH12

# سبق – 12

## عید

ہندوستان میں مختلف مذہبوں کے ماننے والے رہتے ہیں۔ ان سب کے اپنے اپنے تہوار ہیں۔ ان میں کچھ ایسے تہوار بھی ہیں جو پورے ہندوستان میں منائے جاتے ہیں۔ ایسے تہواروں میں عید، ہولی، دسہرہ، دیوالی اور کرسمس بہت مشہور ہیں۔

عید مسلمانوں کا سب سے بڑا تہوار ہے۔ یہ رمضان کا مہینہ پورا ہونے پر منایا جاتا ہے۔ عید کی صبح نماز ادا کرنے سے پہلے ایک مقرّرہ رَقم، جسے ''فِطرہ'' کہتے ہیں، غریبوں میں تقسیم کی جاتی ہے تاکہ وہ بھی عید کی خوشیاں منا سکیں۔ اسی وجہ سے اس عید کو ''عیدالفِطر'' بھی کہتے ہیں۔

عید کے دن سویّاں تو ہر گھر میں بنتی ہیں۔ لوگ مٹھائیاں بھی خرید کر لاتے اور بناتے ہیں۔ اسی لیے اسے 'میٹھی عید' بھی کہا جاتا ہے۔ عید کا مطلب ہی 'خوشی' ہے اور یہ 'خوشی کا تہوار' ہے۔

مسلمان رمضان کے پورے مہینے روزے رکھتے ہیں اور زکوٰۃ نکالتے ہیں۔ روزہ صبح ہونے سے تھوڑی دیر پہلے شروع ہوتا ہے اور سورج ڈوبنے تک جاری رہتا ہے۔ اس دوران روزے دار نہ تو کچھ کھاتے ہیں اور نہ پیتے ہیں۔ بس صبح ہونے سے پہلے کچھ کھاتے پیتے ہیں جسے سَحَری کہتے ہیں۔ سورج ڈوبنے کے بعد روزہ کھولتے ہیں جسے اِفطار کہا جاتا ہے۔



جب رمضان کا مہینہ پورا ہونے پر چاند دکھائی دیتا ہے تو اگلے دن بڑی دھوم دھام سے عید منائی جاتی ہے۔ یہ تہوار اسلامی کیلینڈر کے دسویں مہینے کی پہلی تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ اس مہینے کو ''شوّال'' کہتے ہیں۔ کئی روز پہلے سے عید کی تیاریاں شروع ہوجاتی ہیں۔ بازاروں میں بڑی رونق ہوتی ہے۔ کوئی کپڑے خریدتا ہے تو کوئی جوتے۔ چوڑیوں کی دُکانوں پر عورتوں کی بھیڑ لگی ہوتی ہے۔ سب اپنی اپنی پسند اور ضرورت کی چیزیں خریدتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



عید کی صبح کو مسلمان نہا دھو کر یا نئے صاف سُتھرے کپڑے پہنتے ہیں اور عِطر لگاتے ہیں۔عورتیں گھروں کو صاف سُتھرا کر کے سجاتی ہیں اور نئے کپڑے پہنتی ہیں۔ سِویّاں اور طرح طرح کی چیزیں پکاتی ہیں۔ چھوٹے بڑے سبھی عید گاہ یا بڑی مسجدوں میں عید کی نماز پڑھنے جاتے ہیں۔نماز پڑھنے کے بعد آپس میں گلے ملتے ہیں اور ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دیتے ہیں۔ عید کی نماز پڑھ کر واپس آتے ہوئے، بچّوں کے لیے طرح طرح کے کھلونے اور غبّارے وغیرہ خریدتے ہیں۔گھر آنے کے بعد گھر کے بڑے، اپنے چھوٹوں کو عیدی دیتے ہیں۔عیدی کے پیسوں سے بچّے طرح طرح کی چیزیں خریدتے ہیں۔عید کے موقعے پر گھروں میں کھانے پینے کا خاص انتظام ہوتا ہے۔اس موقعے پر دوست، رشتے دار سب مل کر مختلف قسم کے پکوان کھاتے ہیں۔ غیر مسلم حضرات بھی اس موقعے پر شریک ہو کر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ اپنے مسلمان بھائیوں کو عید کی مبارک باد پیش کرتے ہیں۔



عید کے دن عید گاہ کے باہر اور شہر میں جگہ جگہ میلہ لگتا ہے۔مٹھائی اور کھلونوں کی دُکانیں سجائی جاتی ہیں۔ ہِنڈولے بھی لگائے جاتے ہیں جن میں بچّے جھُولا جھولتے ہیں۔عید کے دن ہر گھر میں بڑی رونق ہوتی ہے اور بازاروں میں چہل پہل رہتی ہے۔ ہر طرف خوشی کا ماحول ہوتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## 1. لفظ اور معنی

مقرّرہ رَقم : وہ رَقم جو پہلے سے طے کر دی جائے

رَمضان : اسلامی سال کا نواں مہینہ جس میں مسلمان روزے رکھتے ہیں

زکوٰۃ : مال و دولت کا چالیسواں حصّہ جو ہر سال راہِ خدا میں دیا جائے۔ اس کے اصل معنی ہیں ''پاک کرنا'' گویا اس رقم کو ادا کرنے سے باقی مال و دولت پاک ہو جاتی ہے۔

عِطر : خوشبو

رونق : چہل پہل

عیدگاہ : وہ جگہ جہاں عید کی نماز ادا کی جاتی ہے

عیدی : وہ روپے جو عید کے دن بچّوں اور چھوٹوں کو عید کی خوشی میں دیے جاتے ہیں۔

ہِنڈولا : جھوُلا

## 2. سوچیے، بتائیے اور لکھیے

(الف) مسلمانوں کا سب سے بڑا تہوار کون سا ہے؟

(ب) عید کا تہوار کس مہینے کے بعد آتا ہے؟

(ج) عید الفِطر کو میٹھی عید کیوں کہتے ہیں؟

(د) مسلمان عید کی نماز کہاں پڑھتے ہیں؟

(ہ) روزہ کب سے کب تک جاری رہتا ہے؟

## 3. ان جملوں کو صحیح لفظ سے مکمّل کیجیے

(الف) عید ............... کا سب سے بڑا تہوار ہے۔ (ہندوستان/مسلمانوں)

© NCERT not to be republished

(ب) مسلمان رمضان کے پورے ................ روزے رکھتے ہیں۔ (مہینے/ ہفتے)

(ج) کئی دن پہلے سے عید کی تیّاریاں ................ ہوجاتی ہیں۔ (ختم/ شروع)

(د) چوڑیوں کی دُکانوں پر ................ کی بھیڑ لگی ہوتی ہے۔ (مردوں/عورتوں)

(و) گھر کے بڑے، اپنے چھوٹوں کو ................ دیتے ہیں۔ (عیدی/ تحفے)

4. اس سبق میں کچھ لفظوں کو دو دو بار ایک ساتھ استعمال کیا گیا ہے۔ جیسے الگ الگ، اپنی اپنی، طرح طرح، جگہ جگہ۔ جن جملوں میں اس طرح کے لفظوں کو استعمال کیا گیا ہے، انھیں تلاش کر کے یہاں لکھیے

- ................................................................
- ................................................................
- ................................................................
- ................................................................
- ................................................................

5. اس سبق سے تین ایسے جملے چُن کر لکھیے جن میں صِفت کا استعمال ہُوا ہو

- ................................................................
- ................................................................
- ................................................................

6. ہندوستان کے پانچ مشہور تہواروں کے نام لکھیے

- ....................
- ....................
- ....................
- ....................
- ....................

© NCERT not to be republished

## 7. دیے گئے اشارے کے مطابق مُحاوروں کے معنی کی نشان دہی کیجیے

| مُحاورے | معنی |
|---|---|
| (الف) جان چھُڑانا | (الف) تلاش میں رہنا |
| (ب) پالا پڑنا | (ب) بُرا بھلا کہنا |
| (ج) آڑے ہاتھوں لینا | (ج) جَلد بازی کرنا |
| (د) ناک میں دَم کرنا | (د) پریشان کرنا |
| (ہ) اپنا اُلّو سیدھا کرنا | (ہ) واسطہ پڑنا |
| (و) ہَوا کے گھوڑے پر سوار ہونا | (و) اپنا مَطلب نکالنا |
| (ز) تاک میں رہنا | (ز) پیچھا چھُڑانا |

## 8. دی گئی تصویروں کے نام لکھیے


.............


.............


.............


.............

© NCERT not to be republished

## 9. عید کارڈ میں رنگ بھریے، اپنا نام اور پتا لکھیے



© NCERT not to be republished

## 10. اسلامی کیلینڈر کے بارہ مہینوں کے نام یاد کیجیے

1. مُحرّم
2. صَفَر
3. رَبیع الاوّل
4. رَبیع الثّانی
5. جُمادی الاوّل
6. جُمادی الثّانی
7. رَجَب
8. شعبان
9. رَمَضان
10. شوّال
11. ذیقعدہ
12. ذِی الحِجہ

## 11. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

سَحری ............ ............ ............ ............ ............

اِفطار ............ ............ ............ ............ ............

عیدالفِطر ............ ............ ............ ............ ............

رونَق ............ ............ ............ ............ ............

ہِنڈولا ............ ............ ............ ............ ............

تقسیم ............ ............ ............ ............ ............

© NCERT not to be republished